کی تشریح کا ایک نیا انداز اپنایا۔ چنانچہ تفسیر وحدیث اور فقہ اسلامی پر ہزاروں کتابیں تحریر کی گئیں۔ سیرت کے موضوع پر ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ وزارت مذہبی امور پاکستان نے ہر سال سیرت کانفرنس کے انعقاد کی ابتدا کی۔ زیر تبصرہ کتاب میں شامل جناب سید عزیز الرحمٰن کے سات مقالات اس سیرت کانفرنس کا حاصل ہیں۔ یہ مقالات قومی سطح پر انعامات کے مستحق بھی قرار دیئے گئے۔

تعمیر شخصیت ،فلاح انسانیت ،اخلاق ،عدل ومساوات ،عورتوں کے حقوق،والدین کے حقوق،انسانی معاشرے کے مختلف شعبوں کے حقوق وفرائض،استحکام پاکستان،تعلیم وتربیت،عدم برداشت کا قومی وبین الاقوامی رجحان، انتہا پسندی اور نئے عالمی نظام میں امت کی تشکیل جیسے زندہ مسائل پر مضبوط مواد اس کتاب میں موجود ہے۔

☆ مقامِ محمد ﷺ مصنف: ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی ترتیب: سید عزیز الرحمٰن

ضخامت: ۲۳۸ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: دارالاشاعت' اردو بازار ایم اے جناح روڈ لاہور

رسولِ پاک ﷺ کی سیرتِ طیبہ پر مختلف زبانوں میں اب تک ہزاروں کتب ورسائل شائع ہو چکے ہیں۔ لیکن ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی کی کتاب ''مقامِ محمد ﷺ'' سیرت نگاری کے شعبہ میں' اردو ادب کے حوالے سے ایک خوبصورت اضافہ ہے' جس میں قرآن حکیم کے آئینے میں رسولِ پاک ﷺ کی سیرت کو مختلف عنوانات کے تحت اجاگر کیا گیا ہے۔ کتاب کے مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ مصنف نے کمال تحقیق اور عرق ریزی سے آپ ﷺ کی سیرت کے بارے میں ہر موضوع کی قرآنی آیات یکجا کر کے باب بندی کی ہے اور پھر ہر باب میں' تفاسیر، احادیث اور سیرت کی دوسری کتابوں سے مفید باتیں اکٹھی کر دی ہیں۔

قبل ازیں اس عنوان پر مولانا عبدالماجد دریابادیؒ اور دیگر نام ور اہل قلم کی کاوشیں موجود ہیں مگر ڈاکٹر ابوالخیر کشفی صاحب کی تحقیق نے اسے مزید چار چاند لگا دیئے ہیں۔

کتاب خوبصورت رنگین ٹائٹل میں سفید کاغذ پر شائع کی گئی ہے۔ پرنٹنگ اور جلد بندی واقعی معیاری ہے۔

☆ ماہنامہ ''حق نوائے احتشام'' (خصوصی شمارہ) نگران: مولانا تنویر الحق تھانوی

ضخامت: ۶۸۰ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: مکتبہ احتشامیہ جیکب لائن کراچی

جیسا کہ ظاہر ہے کہ اس رسالے کا نام ہی ''حق نوائے احتشام'' رکھا گیا ہے یعنی احتشام کی آواز حق ہے۔ یہ خصوصی شمارہ حضرت مولانا احتشام الحق تھانویؒ کی یاد میں شائع کیا گیا ہے۔ جس میں اُن کی حیات وخدمات کے بارے میں مضامین' اُن کی وفات پر لکھی گئی نظمیں، مشاہیر کی طرف سے اُن کے نام تحریر کیے گئے خطوط اور اُن کی طرف سے مشاہیر کے نام لکھے گئے خطوط، بیانات، پریس کانفرنسوں کی عبارات ایک جگہ جمع کر دیئے گئے ہیں۔ حضرت مولانا احتشام الحق